انٹرنیشنل پارلیمنٹری نیٹ ورک فار ایجوکیشن کی تخلیق کا اعلامیہ

International Parliamentary Network for Education

ہم، پوری دنیا سے تعلق رکھنے والے پارلیمینٹیریئنز، اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ تعلیم ایک بنیادی انسانی حق ہے۔

ہم سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گول ٤ میں مجسم اس عزم کا خیر مقدم کرتے ہیں: ‹تمام لوگوں کے لیے مشمول اور منصفانہ معیار کی تعلیم اور پوری زندگی سیکھنے کے مواقع کا فروغ›۔

ہم اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم SDG ٤ پر عمل درآمد میں دہائیاں پیچھے ہیں۔ کووِڈ-١٩ کا طویل مدت تک رہنے والا اثر کسی بھی شخص کو پیچھے نہ چھوڑنے کے ایجنڈا ٢٠٣٠ میں تصور کردہ وعدے کی تکمیل کے لیے شدید خطرہ ہے۔ لاکھوں بچے اور نوجوان اس وجہ سے معیاری تعلیم کے اپنے حق کے حصول کے قابل نہیں ہیں، کہ وہ کون ہیں یا وہ کہاں رہ رہے ہیں۔ ہم مزید اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ کچھ بچے اسکول میں ہیں مگر سیکھ نہیں رہے۔

ہم خاص طور پر اس حوالے سے فکرمند ہیں کہ سب سے زیادہ محروم بچوں اور نوجوان لوگوں میں تعلیم کا مسلسل ایک عالمی بحران جاری ہے۔

اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے تجدید شدہ سیاسی عزم اور ساتھ ہی ساتھ تعلیم کے لیے طویل مدتی اور قابل استحکام فنڈنگ میں بڑے اضافے کی ضرورت ہے۔

ہمارے پاس تمام بچوں اور نوجوانوں کے لیے اعلیٰ معیاری، مشمول اور قابل رسائی تعلیم کے موزوں طور پر فنڈ یافتہ اور قابل احتساب نظام فراہم کرنے میں مدد دینے کے لیے ایک منفرد ذمہ داری اور پلیٹ فارم موجود ہے۔

لہٰذا، ہم درج ذیل اہداف کے حصول کا عزم کرتے ہیں:

١. تعلیم کے لیے زیادہ اور بہتر مالی معاونت، اس بات کو یقینی بنانا کہ اخراجات مؤثر، قابل احتساب اور سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز کے مطابق ہوں۔

٢. انتہائی پسماندہ طبقات کو ترجیح دینا، تاکہ کوئی بھی بچہ صرف اس وجہ سے تعلیم کے حق سے محروم نہ ہو، کہ وہ کون ہیں یا کہاں رہتا ہے۔

٣. اعلیٰ معیاری تعلیم، جو تعلیمی اہداف کی تکمیل کو ممکن بنائے۔

ان اہداف کے حصول کے لیے، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ:

١. بہترین تعلیمی نتائج کے حصول کے لیے پالیسی سازوں، قانون سازوں اور اپنی قومی پارلیمنٹس میں وکیلوں کے طور پر اپنے کردار کو استعمال کریں گے۔

٢. اپنی راہ عمل میں معاونت کے حصول کے لیے قومی اور بین الاقوامی طور پر حکومتوں پر اثر انداز ہونے کی کوشش کریں گے۔

٣. تعلیم کے لیے وسیع اتحاد، بشمول مختلف فریقین پر مبنی قومی گروپ، بنانے کے لیے سیاسی تقسیم سے آگے بڑھ کر رابطے کریں گے اور دیگر پارلیمینٹیریئنز اور اہم فریقین کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

٤. سیکھنے، خیالاتکا تبادلہ اور ایسے مشترکہ اور انفرادی اقدامات، جو تعلیمی پیش رفت کو تیز کرتے ہوں، پر متفق ہونے کے لیے اپنے تمام علاقوں کے پالیمینٹیریئنز سے رابطے کریں گے۔

٥. پوری دنیا سے پارلیمینٹیریئنز سے مل کر کام کریں گے، جغرافیائی تقسیم سے آگے بڑھ کر تعلیم کے لیے زیادہ بین الاقوامی وسائل اور SDG ٤ کے نفاذ کے لیے بہتر احتساب کا مطالبہ کریں گے۔

٦. یقینی بنائیں گے کہ ہم ساتھی پارلیمینٹیریئنز کے ساتھ رابطے اور محروم ترین طبقات - بشمول لڑکیاں اور عورتیں، تارکین وطن اور بین الاقوامی طور پر بےگھر افراد، بحران زدہ بچے اور نوجوان اور معذوریوں کے حامل لوگوں - کی تعلیم کے لیے اپنی وکالت میں ہم دانستہ طور پر تمام لوگوں کے لیے کام کریں گے۔

٧. SDG ٤ کے حصول کے مقصد کے لیے فراہم کردہ فنڈز اور وسائل کی جانچ پڑتال کریں گے۔

اور اس مقصد کے لیے، ہم بذریعہ ہذا انٹرنیشنل پارلیمنٹری نیٹ ورک فار ایجوکیشن کے رکن بننے پر اتفاق کرتے ہیں، تاکہ ہم تمام لوگوں کے لیے تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے بطور پارلیمینٹیریئرنز، اپنے ممالک میں اور ان سے باہر، اپنے مجموعی اثر کو شروع اور استعمال کر سکیں، تاکہ کوئی بھی بچہ تعلیم کے اپنے حق سے محروم نہ رہے۔

اس اعلامیے پر دستخط کرنے اور انٹرنیشنل پارلیمنٹری نیٹ ورک فار ایجوکیشن کے رکن بننے کے لیے براہ کرم ای میل کریں info@ipned.org

IPNEducation

www.ipned.org